PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

برسبین ٹیسٹ میں میزبان ٹیم کا پلڑا بھاری

لاہور،23نومبر2019ء:

گابا ، برسبین میں جاری ٹیسٹ میچ میں ٹاپ آرڈر کی ناکامی کے باعث قومی کرکٹ ٹیم کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ سیریز کے پہلے ٹیسٹ میچ میں پاکستان تاحال276 رنز کے خسارے کاشکار ہے۔ میچ کے تیسرے روز کھیل کے اختتام پر پاکستان نے دوسری اننگز میں 3وکٹوں کے نقصان پر 64رنزبنالیے ہیں۔

میچ کی دوسری اننگز میں پاکستان کے کپتان اظہر علی، حارث سہیل اور اسد شفیق آؤٹ ہوکر پویلین واپس لوٹ چکے ہیں۔ شان مسعود 27 اور بابراعظم 20 کے انفرادی اسکور سے کھیل کے چوتھے روز کا آغاز کریں گے۔

اس سے قبل پاکستان کے 240 رنز کے جواب آسٹریلیا کی پوری ٹیم پہلی اننگز میں 580 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی۔

میچ کے تیسرے روز1وکٹ کے نقصان پر 312 رنز کے مجموعے سے کھیل کا دوبارہ آغاز کرنے والے اوپنر ڈیوڈ وارنر 154 رنز بناکر آؤٹ ہوگئے تاہم گذشتہ روز ناقابل شکست نصف سنچری اسکور کرنے والے لبوشین نے ہفتے کے روز مہمان باؤلرز کے سامنے خوب مزاحمت کی ۔ وہ 185 رنز بناکر میزبان ٹیم کی جانب سے ٹاپ اسکورر رہےمیتھیو ویڈ نے 60 رنز کی اننگز کھیلی۔

پاکستان کی جانب سے یاسر شاہ نے 4 جبکہ شاہین شاہ آفریدی اور حارث سہیل نے 2،2 وکٹیں حاصل کیں۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk